




# نوزیبا ملے اور تین بال


Tessa Welch
Wiehan de Jager
Samrina Sana
Urdu
Level 3



کافی عرصہ پہلے تین لڑکیاں لکڑیاں اکھٹی کر نے باہر نکلیں۔




وہ ایک گرم دن تھا اس لیے وہ نیچے دریا میں تیر نے چلی گئیں۔ وہ پانی میں کھیلیں اور مل کر پانی اچھالا۔



اچانک اُنہیں احساس ہوا کہ کافی دیر ہو چکی ہے۔ وہ واپس گاؤں کی طرف بھاگیں۔



گھر کے قریب پہنچ کر نوزیہ پیلے نے اپنا ہاتھ گردن پر رکھا۔ وہ اپنا ہار کہیں بھول آئی۔ میرے ساتھ واپس چلو اُس نے اپنی دوستوں سے منت کی، لیکن اُس کی دوستوں نے دیر ہونے کی وجہ سے انکار کر دیا۔



اس لیے نوزیہ پہلے اکیلی دریا پر چلی گئی۔ اُ سے اپنا ہار ملا اور وہ گھر کی طرف بھاگی۔
لیکن وہ اندھیرے میں کھو گئی۔



دور فاصلے پر اُ سے ایک جھونپڑی سے روشنی آتی دیکھائی دی۔ وہ بھاگتی ہوئی اُس کے پاس پہنچی اور دروازے پر دستک دی۔





وہ حیرت زدہ تھی، کہ ایک کتے نے دروازہ کھولا اور پوچھا 'تمہیں کیا چاہیے؟'

نوزیہ پلے نے کہا کہ میں کھو گئی ہوں، مجھے سو نے کے لیے جگہ چاہیے۔


کتے نے کہا اندر آجاو□ ورنہ تو میں تمہیں کاٹوں گا۔ اس لیے نوزیہ پلے اندر آگئی۔

پھر کتے نے کہا میرے لیے کھانا پکاو! لیکن میں نے کبھی کتے کے لیے کھانا نہیں بنایا اُس نے جواب دیا۔ پکاو، ورنہ میں تمہیں کاٹ لوں گا کتے نے کہا۔ اس لیے نوزیہ پیلے نے کتے کے لیے کچھ کھانا پکایا۔







پھر کتے نے کہا، میرے لیے بستر لگاو! نوزیہ پیلے نے جواب دیا میں نے کبھی کتے کے لیے بستر نہیں لگایا۔ کتے نے کہا بستر لگاو، ورنہ میں تمہیں کاٹ جاو□ں گا۔ اس لیے نوزیہ پیلے نے بستر لگایا۔



ہر دن اُسے کھانا پکانا پڑتا اور کتے کے لیے صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا پڑتا۔
پھر ایک دن کتے نے کہا نوزیہ پیلے آج مجھے کچھ دوستوں سے ملنے جانا ہے۔ گھر صاف کر دو۔ جب تک میں واپس آوں کھانا بناؤ اور میری چیزیں دھو دو۔



کتے کے جا نے کے فوراً بعد نوزیہ پیلے نے اپنے سر سے تین بال نکا لے۔ ایک بال اُس نے بستر کے نیچے رکھا، ایک بال دروازے کے پیچھے اور ایک بال باڑے میں رکھا۔ پھر وہ گھر کی طرف بھاگی جتنا تیز وہ بھاگ سکتی تھی۔



جب کتا واپس آیا، اُس نے نوزیہ پلے کو تلاش کیا۔ نوزیہ پلے، تم کہاں ہو؟ وہ چلایا۔ میں یہاں ہوں بستر کے نیچے، پہلے بال نے آواز دی۔ میں یہاں ہوں دروازے کے پیچھے دوسرے بال نے آواز دی۔ میں یہاں باڑے میں ہوں، تیسرے بال نے آواز دی۔



پھر کتے کو پتہ چل گیا کہ نوزیپیلے اُس کے ساتھ کھیل کھیل رہی ہے۔ اس لیے وہ گاوں کی طرف بھاگا۔ لیکن نوزیپیلے کے بھائی وہاں ہاتھوں میں بڑے بڑے ڈنڈے لیے اسکا انظار کر رہے تھے۔ کتا واپس مڑا اور بھاگ گیا اور آج تک کبھی دکھائی نہیں دیا۔

# Storybooks Outline

global-asp.github.io/storybooks-outline

## نوزیپلے اور تین بال


Written by: Tessa Welch
Illustrated by: Wiehan de Jager
Translated by: Samrina Sana


This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Outline in an effort to provide children's stories in the world's many languages.


This work is licensed under a Creative Commons Attribution 3.0 International License.